© rasailojaraid.com

مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث میں

# سیرت شافع محشر ﷺ کانفرنس و محفل حمد و نعت

مورخہ 17 مئی بروز جمعرات بعد نماز عشاء مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث میں سیرت شافع محشر ﷺ کانفرنس و محفل حمد و نعت زیر صدارت رئیس الجامعہ منعقد ہوئی جس میں فیصل مسجد کے خطیب عظیم سکالر پروفیسر عبدالجبار شاکر نے مدلل علمی خطاب کیا جس سے عوام الناس بڑے متاثر ہوئے علاوہ ازیں مولانا عتیق الرحمٰن طاہر اور مولانا حافظ محمد اسحاق اوکاڑوی نے بڑا شاندار خطاب کیا۔

شعرائے اسلام قاری عبدالوہاب صدیقی، قاری فداء الرحمٰن طیب اور قاری سلیم اللہ مدنی نے بڑے خوب صورت انداز میں حمد و نعت پیش کی جس سے عوام بڑے محظوظ ہوئے

## وفیات

### مبین احمد (کوٹلہ ائمہ) کو صدمہ

مورخہ 29 مارچ بروز جمعرات مبین احمد (کوٹلہ ائمہ) کی والدہ محترمہ طویل علالت کے بعد وفات پاگئیں (انا للّٰہ وانا الیہ راجعون) مرحومہ نماز پنجگانہ کی پابندی کے ساتھ ساتھ بڑی ہی پرہیز گار اور بااخلاق خاتون تھیں۔ ان کی نماز جنازہ کوٹلہ ائمہ میں مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

### عامر سلیم علوی کو صدمہ

مورخہ 25 اپریل بروز بدھ عامر سلیم علوی سیکرٹری جنرل اہل حدیث یوتھ فورس ضلع جہلم کے چچا محمد مشتاق علوی سیالکوٹ میں وفات پاگئے (انا للّٰہ وانا الیہ راجعون)

مرحوم حضرت مولانا حافظ عبدالغفور رحمہ اللہ کے پرانے ساتھیوں میں سے تھے اور تحریک ختم نبوت میں بھرپور حصہ لیا ان کو یہ شرف حاصل ہے کہ جب مسجد چوک اہل حدیث کا مینار مکمل ہوا تو مینار پر لاؤڈ سپیکر خود اپنی طرف سے لگایا اس وقت مرحوم نیا بازار میں لاؤڈ سپیکر کا کام کرتے تھے۔

ادارہ ''حرمین'' و جامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)



© rasailojaraid.com